# ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ

ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು-560003

# KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD

Malleshwaram, Bengaluru-560003

## S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER 2022-23

## Subject : Third Language — URDU

**Time : 3 Hours**
**Max. Marks : 80**

**Subject Code : 66-U**

**CCE-RF**
**Regular Fresh**

---

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 38 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

I. درج ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے :

8 x 1 = 8

1. وہ نظم جس میں حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف بیان کی جاتی ہے۔

(A) حمد (B) نعت

(C) غزل (D) رباعی

2. مضمون کا پہلا حصہ کہلاتا ہے۔

(A) نفسِ مضمون (B) اختتام

(C) تمہید (D) خاتمہ

3. یہ غیر مستقل کلمہ کی ایک قسم ہے۔

(A) حروفِ ربط (B) اسم

(C) ضمیر (D) صفت

4. ”چھوٹے اور بڑے سب وہاں تھے۔“

اس جملے میں حروفِ وصل یہ ہے۔

(A) چھوٹے (B) بڑے

(C) تھے (D) اور

5. خط لکھنے والے کو کہا جاتا ہے۔

(A) مضمون نگار (B) ناول نگار

(C) مکتوب نگار (D) ڈراما نگار

6. درج ذیل میں لاحقہ لفظ کی نشاندہی کیجئے۔

(A) باذوق (B) ہم محلہ

(C) غیر کسرتی (D) دردمند

7. "جادوگری" کے معنی دینے والا لفظ یہ ہے۔

(A) سحرکاری (B) فن کاری

(C) بدکاری (D) بےکاری

8. غزل کے اس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔

(A) مطلع (B) مقطع

(C) پہلا شعر (D) حُسن مطلع

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : 4 x 1 = 4

9. قدیم : جدید : : اعلیٰ : .........

10. تعمیر : تعمیرات : : وقت : .........

11. جاپان چلو، جاپان چلو : سفرنامہ : : خاک وطن اور خونِ شہیداں : .........

12. چراغ : مذکر : چٹائی : .........

III. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھیے : 4 x 1 = 4

13. نبی کریم ﷺ کیوں رنجیدہ اور ملول رہنے لگے تھے ؟

14. سلیمان خطیب کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

15. شفیع الامم سے کون مراد ہیں ؟

16. ''پیغامِ یکجہتی''، نظم کے شاعر کا نام لکھیے۔

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے : 8 x 2 = 16

17. حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عرس کب اور کس طرح منایا جاتا ہے ؟

18. ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ہے ؟

19. شاعر نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟

20. شعر و شاعری کے علاوہ عمر خیام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟

21. رامو کی کس بات کو سن کر اینگلو اینڈین کی آنکھیں چمک اُٹھیں اور کیوں ؟

22. جب کوئی ٹھوس شئے نانو کی حالت میں آجائے تو اس کے طبعی خواص میں کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں ؟

23. مولانا محمد علی جوہؔر کا سول سروِیس امتحان میں ناکام ہونا کس لئے بہتر ثابت ہوا ؟

24. صبح سویرے پروفیسر راہیؔ کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 9 x 3 = 27

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''کیا اس ملک سے جاپان کو برآمد کرنے کے لئے ہم ہی ایک مناسب چیز رہ گئے ہیں۔''

26. ''ارے بے وقوفو ! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔''

27. ''خدا اُن کی قبروں کو نور سے بھر دے۔''

28. درج ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) مجتبیٰ حسین (ii) ایم قادر علی خاں

29. درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) فراق گورکھپوری (ii) مولانا الطاف حسین حالی

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

30. ہم وہاں ہیں، جہاں سے ہم کو بھی

کچھ ہماری خبر نہیں آتی

31. سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے

کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں

32. تماشائے دَیر و حرم دیکھتے ہیں

تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

33. درج ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

India is our country. We are citizens of this country. Our country became independent on 15 August 1947.

VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : 4 x 4 = 16

34. آپ کی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

35. ''خاکِ وطن وخونِ شہیداں'' سبق کی مدد سے ٹیپو سلطانؒ کے کردار پر ایک نوٹ لکھئے۔

یا

حضرت عائشہؓ کی فیاضی وسخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجئے۔

درج ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :

36. انگور ہمارے ملک ہندوستان کا مشہور و معروف پھل ہے جسے لوگ بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ خاص طور پر گرمی کے دنوں میں اس پھل کی کھپت بڑھ جاتی ہے۔ انگور کا پودا بیل کی صورت میں اُگتا ہے۔ بیل میں یہ پھل گچھوں کی شکل میں پایا جاتا ہے۔ اس کے مختلف اقسام دنیا بھر میں مختلف رنگوں جیسے سبز، سرخ، نیلے، جامنی اور سیاہ رنگوں میں دستیاب ہیں۔ یہ وہ پھل ہے جو سال بھر آسانی سے مل جاتا ہے۔ انگور کو پھل کے طور پر بھی کھایا جاتا ہے۔ اور پھر اس کا رس بنا کر پیا بھی جا سکتا ہے۔ جب انگور سوکھ جاتا ہے تو اس سے کشمش بنایا جاتا ہے۔ اس کے استعمال سے ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں۔ آنکھوں کی روشنی بڑھتی اور جلدی بیماریاں دور ہوتی ہیں۔ اس طرح انگور کو انسانی صحت کے لئے بہت مفید مانا جاتا ہے۔

سوالات :

(i) انگور کی کھپت کن دنوں بڑھ جاتی ہے ؟

(ii) انگور کا پودا کس صورت میں اُگتا ہے ؟

(iii) دنیا بھر میں کونسے مختلف رنگوں والے انگور دستیاب ہیں ؟

(iv) سوکھے انگور سے کیا بنایا جاتا ہے ؟

**درج ذیل کسی ایک عنوان پر 15 تا 20 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :**

.37 قومی یکجہتی

یا

ماحول کا تحفظ

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

38. اپنے میر مدرس کے نام ایک خط لکھئے جس میں اپنی بہن کی شادی کی وجہ بتا کر دو دن کی چھٹی طلب کیجئے۔

یا

اپنے والد محترم کے نام ایک خط لکھ کر اپنے سالانہ امتحان کی تیاری سے متعلق اُنہیں جانکاری دیجئے۔